سوال

(430) دورانِ روزہ ایام مخصوصہ شروع ہونا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایک عورت نے روزہ رکھا اور مغرب کی اذان سے پہلے اسے ماہانہ ایام شروع ہوگئے، تو کیا اس سے اس کا روزہ باطل ہوگیا؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اگر اسے یہ کیفیت سورج غروب ہونے سے پہلے شروع ہوئی ہے تو اس کا روزہ باطل ہوگیا، اسے اس کی قضا دینی ہوگی، اور اگر سورج غروب ہونے کے بعد ہوئی ہو (خواہ اذان نہ بھی ہوئی ہو) تو اس کا روزہ صحیح ہوگا، اور اسے کوئی قضا نہیں دینی ہوگی۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

صفحہ نمبر 346

محدث فتویٰ